PARIM-II
RAISING AWARENESS
*on migration in Pakistan*

مائیگرنٹ ریسورس سنٹر
MIGRANT RESOURCE CENTRE




# پروٹیکٹر کیا ہے؟

## پروٹیکٹر کیا ہے؟

پروٹیکٹوریٹ رجسٹریشن سے مراد ہر وہ پاکستانی شہری جو بیرون ملک کام کرنے کا ارادہ رکھتا ہو اسے پاکستانی امیگریشن آرڈیننس 1979 کے تحت پروٹیکٹر آف امیگرنٹس کے ساتھ رجسٹر ہونا لازمی ہے۔ تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ان کا معاہدہ ملازمت مستند ہے اور وہ بیرون ملک کام کرتے ہوئے ممکنہ استحصال سے محفوظ رہیں اہم بات یہ ہے کہ پاکستانی تارکین وطن کارکنوں کو ملک چھوڑنے سے پہلے ان کی حفاظت کے لیے یہ رجسٹریشن کروانا لازمی ہے۔

اپنے متعلقہ پروٹیکٹر دفاتر تلاش کرنے کے لیے، براہ کرم درج ذیل لنک پر جائیں۔
https://beoe.gov.pk/find-your-pe-office

## ای پروٹیکٹر

بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائیمنٹ نے ستمبر 2023 میں ای-پروٹیکٹر بیرون ملک ڈائریکٹ ایمپلائمینٹ پر جانے والے ورکرز کی سہولت کے لیے رجسٹریشن سسٹم متعارف کرایا۔ یہ ڈیجیٹل حل ممکنہ تارکین وطن کو پروٹیکٹر دفاتر حاضر ہوئے بغیر اپنی رجسٹریشن مکمل کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ اس اقدام کے تحت، تارکین وطن کو ای میل کے ذریعے الیکٹرانک پروٹیکٹر رجسٹریشن سرٹیفکیٹ ملتا ہے جس کی تصدیق دستاویز پر فراہم کردہ بار کوڈ کے ذریعے کی جا سکتی ہے۔

ای پروٹیکٹر رجسٹریشن کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم درج ذیل لنک پر جائیں۔
https://beoe.gov.pk/online-emigrant-registration-delta

## بیرون ملک مقیم پاکستانی درج ذیل فوائد کے حقدار ہیں

- مکمل قانونی تحفظ۔
- بیرون ملک پاکستانی سفارتخانے سے مکمل تعاون۔
- اگر آجر فارن سروس ایگریمنٹ کی خلاف ورزی کرتا ہے تو ملازمت والے ملک میں کمیونٹی ویلفیئر اتاشی، پاکستان ایمبیسی سے قانونی مدد لی جا سکتی ہے۔
- اوورسیز پاکستانیوں کے خاندانوں کو درپیش مسائل کو کسی حد تک کم کرنے کی سہولت۔
- ایک رجسٹرڈ بیرون ملک مقیم کارکن کی حیثیت سے، آپ کا اسٹیٹ لائف انشورنس کے ساتھ 5 سال کے لیے بیمہ کیا جاتا ہے۔ جس کے تحت کسی بھی حادثہ کی صورت میں رجسٹرڈ تارکین وطن کارکن کی مالی معاونت کی جاتی ہے۔ موت کی صورت میں 10 لاکھ روپے لواحقین کو یا سنگین چوٹ/معذوری کی صورت میں کارکن کو 100,000 سے 1,000,000 روپے دیے جائیں گے۔ جو کہ چوٹ کی نوعیت پر منحصر ہے۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ چوٹ کی نوعیت مختلف ہو سکتی ہے۔ پروٹیکٹر آفس میں آپ کی رجسٹریشن کے بعد، آپ کو اردو زبان میں انشورنس پالیسی کی دستاویز موصول ہو گی، اسے غور سے پڑھیں، اصل کاغذ کو اپنے نامزد کندہ کے پاس رکھیں، اور سفر کے دوران ایک فوٹو کاپی اپنے ساتھ رکھیں۔ حکومت پاکستان نے جولائی 2001 سے ان تمام کارکنوں کے لیے دوبارہ بیمہ کی سہولت فراہم کی ہے جو انشورنس پالیسی کی تجدید کروانا چاہتے ہیں۔ یہ اسکیم ان پاکستانیوں کے لیے بھی ہے جو پروٹیکٹر آف امیگرنٹس کے ساتھ رجسٹریشن کے بغیر بیرون ملک چلے گئے تھے لیکن اب انہیں متعلقہ سفارت خانوں میں رجسٹریشن کی اجازت دے دی گئی ہے۔

## اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن کے فوائد

- اوورسیز پاکستانیوں کے بچوں کے لیے تعلیمی سہولیات۔
- اسکول/کالج کے داخلوں میں مدد۔
- پاکستانی بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر کاؤنٹرز پر تعینات عملے کی طرف سے فراہم کردہ قانونی اور ضروری رہنمائی کے ساتھ ساتھ معلومات۔
- اوورسیز پاکستانی، او پی ایف کے زیر انتظام رہائشی سکیموں سے متعلق فوائد کے حقدار
- او پی ایف کے ذریعے صنعتی شعبے میں سرمایہ کاری کے مواقع۔
- او پی ایف، حادثات یا ہنگامی حالات میں سمندر پار پاکستانیوں کو مالی مدد فراہم کرتا ہے۔

# جانیے، جانے سے پہلے

تعلیم، ملازمت، یا ثقافتی تبادلے کے پروگراموں کے لیے بیرون ملک سفر کرنے کی تیاری کرنے والے افراد کے لیے پری ڈیپارچر اورینٹیشن سیشن (PDOS) بنایا گیا ہے۔ اس کا بنیادی مقصد امیگرانٹس کو ضروری معلومات اور رہنمائی فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ، ان کے حقوق، ذمہ داریوں، اور بیرون ملک رہنے کے لیے اہم رہنما اصولوں کو سمجھنے میں ان کی مدد کرنا ہے۔ سیشن میں عام طور پر ثقافتی روایات، کیا کرنا ہے اور کیا نہیں کرنا، معاہدہ کی ذمہ داریاں، قانونی تقاضے، حفاظتی اقدامات، اور متعلقہ ملک میں روزمرہ کی زندگی کے لیے عملی مشورے جیسے موضوعات کا احاطہ کیا جاتا ہے، جس سے امیگرانٹس کو روانگی سے قبل زیادہ پر اعتماد اور اچھی طرح سے تیار ہونے کا احساس ہوتا ہے۔

روانگی سے قبل فراہم کی جانے والی معلومات (پری ڈیپارچر اورینٹیشن سیشن)

**01**

### اپنے ملازمت کے معاہدے کو غور سے پڑھیں

پاکستان چھوڑنے سے پہلے، اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ نے اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کو سمجھنے کے لیے آپ نے ملازمت کے معاہدے کا اچھی طرح سے جائزہ لیا ہے اور اپنے فارن سروس ایگریمنٹ پر دستخط کر لئے ہیں اور قریبی پروٹیکٹر آفس سے رجسٹریشن بھی حاصل کر لی ہے۔ یقینی بنائیں کہ تمام تفصیلات درست اور متعلقہ ہیں۔

**02**

### اہم دستاویزات کی تیاری

اپنے پاسپورٹ، ملازمت کا معاہدہ، میڈیکل سرٹیفکیٹ، اور دیگر ضروری اہم دستاویزات کی ڈیجیٹل کاپیاں اور فوٹو کاپیاں اپنے پاس رکھیں۔ یقینی بنائیں کہ اصل دستاویزات محفوظ ہیں۔

**03**

### ثقافتی آگاہی

مقامی روایات، رسم و رواج، زبان کی مہارت اور سماجی اصولوں کے بارے میں سیکھیں تاکہ آپ نئے ماحول کو احترام اور مؤثر طریقے سے اپنا سکیں۔

**04**

### حفاظت اور سیکورٹی

ہنگامی صورت حال میں محفوظ رہنے کے لیے ضروری معلومات سے اچھی طرح باخبر رہیں، بشمول صحت کی دیکھ بھال کے رہنما اصول، ہنگامی رابطے کے نمبرز، مقامی قوانین، سپورٹ نیٹ ورکس یا تنظیمیں، جو آپ کو غیر متوقع حالات کا مؤثر طریقے سے جواب دینے اور نئے ماحول میں آپ کی فلاح و بہبود کو یقینی بنانے میں مددگار ثابت ہوں گی۔

**05**

### لاجسٹکس/ذرائع نقل و حمل

یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس رہائش، آمد و رفت، اور دیگر ضروری انتظامات بشمول کرنسی، مقامی بینکنگ، اور موبائل فون سروسز کے بارے میں معلومات ہیں تاکہ ایک ہموار منتقلی کو آسان بنایا جا سکے۔

**06**

### صحت و تندرستی

بیرون ملک رہتے ہوئے، ضروری ویکسینیشن، ہیلتھ انشورنس اور اچھی صحت برقرار رکھنے سے متعلق مکمل معلومات حاصل کریں۔

**07**

### قانونی تقاضے

میزبان ملک میں رہنے اور کام کرنے کے لیے قانونی تقاضوں، جیسے ویزا کی اقسام، اجازت نامے اور دیگر ضروری دستاویزات کے بارے میں جانیں۔

**08**

### توقعات کی ترتیب

ایک مضبوط سپورٹ نیٹ ورک بنائیں تاکہ آپ مشکل لمحات جیسے کہ گھر سے دوری اور نئے ماحول میں ایڈجسٹمنٹ کے لیے موثر حکمت عملی تیار کر سکیں۔ مقامی کمیونٹیز کے ساتھ مشغول رہیں، خاندان اور دوستوں کے ساتھ جڑے رہیں۔ نئے ماحول میں ہموار انضمام کے لیے مناسب رویے، مواصلات کے انداز، اور سماجی توقعات کو سمجھنا آپ کے لیے آسانی پیدا کرے گا۔

**09**

### دستیاب امدادی نیٹ ورک

تارکین وطن کی بہبود، تحفظ اور کامیاب انضمام کو یقینی بنانے کے لیے متعلقہ ملک میں دستیاب مختلف سپورٹ سسٹمز کے بارے میں جانیں۔ ان میں سفارت خانے، کمیونٹی ویلفیئر اتاشی اور کمیونٹی سپورٹ نیٹ ورک شامل ہو سکتے ہیں۔

**10**

### ترسیلات زر

محفوظ اور موثر طریقے سے ترسیلات زر بھیجنے کے لیے قانونی ذرائع کے بارے میں معلومات حاصل کریں، جو کہ اپنے گھر والوں کی مدد کرنے والے تارکین وطن کے لیے بہت ضروری ہے۔ تارکین وطن غیر منظم یا غیر رسمی طریقوں (جیسے کہ حوالہ یا ہنڈی سسٹم) سے گریز کریں، کیونکہ یہ مالی نقصانات کا باعث بن سکتے ہیں۔

# پروٹیکٹر فیس

## اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز کے ذریعے رجسٹریشن کی فیس

| اوای پی (OEP) سروس چارجز | فلاحی فنڈ | انشورنس پریمیم | رجسٹریشن فیس | اوای سی (OEC) فیس | ٹوٹل |
|---|---|---|---|---|---|
| 15,000 روپے (6000 پروسیسنگ کیسز کے لیے) | 4000 روپے | 2500 روپے | 500 روپے | 200 روپے | 22,200 روپے |

## ڈائریکٹ ایمپلائمنٹ کی صورت میں رجسٹریشن کی فیس

| فلاحی فنڈ | انشورنس پریمیم | رجسٹریشن فیس | اوای سی فیس | ٹوٹل |
|---|---|---|---|---|
| 4000 روپے | 2500 روپے | 2500 روپے | 200 روپے | 9,200 روپے |

نوٹ: یہ فیس جنوری 2025 کے مطابق ہے۔
فیس کی تصدیق کے لیے، براہ کرم متعلقہ پروٹیکٹوریٹ آف امیگرنٹس کے دفاتر سے رابطہ کریں یا درج ذیل ویب سائٹ دیکھیں
https://beoe.gov.pk/fee-structure-emigrant

## مزید معلومات کے لیے مائیگرنٹ ریسورس سنٹر، پاکستان سے رابطہ کریں۔

ہاٹ لائن +92-304-111-2-123

WWW.MRC.ORG.PK

HTTPS://WEB.FACEBOOK.COM/PAKMRC/

| پشاور | لاہور | اسلام آباد |
|---|---|---|
| پروٹیکٹوریٹ آف امیگرانٹس، کینال روڈ، سکندر ٹاؤن (بالمقابل گلبہار تھانہ) جی ٹی روڈ، پشاور | انڈسٹریل ریلیشنز انسٹی ٹیوٹ (ملحقہ ریسکیو 1122 بلڈنگ نزد چاندنی چوک) ٹاؤن شپ، لاہور | میزانائن فلور، شہید ملت سیکریٹریٹ بلڈنگ، بلیو ایریا، اسلام آباد |
| 091-2584402<br>0328-5473023 | 042-99262132<br>0300-0116671 | 051-9219617<br>0306-0191919 |

PakTok ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے کیو آر کوڈ سکین کریں اور بیرون ملک مقیم پاکستانیوں اور ان کے اہلخانہ کے لیے اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن کی سہولیات تک رسائی حاصل کریں۔

یہ معلوماتی مواد مائیگرنٹ ریسورس سنٹر نے مرتب کیا ہے۔ یورپی کمیشن اس میں موجود معلومات کے استعمال کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ہے۔

Funded by the European Union

Implemented by

ICMPD International Centre for Migration Policy Development

Federal Ministry Republic of Austria Interior

Ministry for Foreign Affairs of Finland

Federal Office for Migration and Refugees

HELLENIC REPUBLIC Ministry of Migration & Asylum

Co-funded and implemented by Austria, Bulgaria, Finland, Germany and Greece